اصلاحی طریقِ مثبت ذاتی اور گروپ کے تعلقات کو پروان چڑھائے — اور برا طرز عمل رونما ہونے پر اس سے خطاب کرتے ہیں — یہ نظم و ضبط کے لیے ترقی پذیر طریقے کا سنگِ میل ہیں۔ بحالی کے طریقِ کار میں اشتراکی بات چیت، دائروی طریقِ کار، ہمسر ثالثی، اختلافات کا حل اور رسمی بحالی کانفرنس شامل ہیں۔ غنڈہ گردی اور دھمکی سے وابستہ غیر متوازن طاقت کی وجہ سے غنڈہ گردی کے لیے نہ ہی ثالثی نہ ہی اختلافات کا حل، کسی بھی صورت میں مناسب مداخلت ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم صفحہ 17 -16 ملاحظہ کریں۔

- طرزِ عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں
اساتذہ اور / یا پرنسپل والدین کو باقاعدگی کے ساتھ اس وقت تک طرزِ عمل سے متعلق پیش رفت کی رپورٹیں بھیج سکتے ہیں جب انہیں یہ محسوس ہو کہ طالب علم اپنے طرزِ عمل پر قابو رکھ رہا ہے اور کلاس روم میں کامیابی سے کام کر رہا ہے۔

- سماجی جذباتی تعلیم
طلبا کو جذبات پر قابو پانے، مثبت اہداف قائم کرنے، دیگر افراد سے ہمدردی کرنے جیسی صلاحیتوں سے لیس کرنا اور مثبت تعلقات قائم کرنے اور سماجی جذباتی تعلیم طلبا کی ذمہ دارانہ اور مثبت فیصلے کرنے میں مدد کرتی ہے۔

اوپر واپس جائیں

## بحالی کے طریقِ کار

اسکولی برادری کے تمام ارکان متنوع قابلیتیں، دلچسپیاں، نقطہ نظر، اور اہل خانہ اور ثقافتی پس منظر رکھتے ہیں۔ یہ تفریق عمدہ توانائی اور تقویت کا وسیلہ ہو سکتی ہے جب برادری کے ارکان ایک دوسرے کی قدر اور احترام کریں۔ صلاحی طریقے مثبت ذاتی اور گروپ کے تعلقات کو پروان چڑھانے اور برا طرز عمل رونما ہونے پر اس سے خطاب کرتے ہیں یہ نظم و ضبط کے لیے ترقی پذیر طریقے کا سنگِ میل ہیں۔

نظم و ضبط کے لیےاصلاحی طریقہ استعمال کرتے ہوئے ان بنیادی سوالات کو تبدیل کرتا ہے جو ہم کسی طرزِ عمل کے رونما ہونے کے وقت پوچھتے ہیں۔ یہ پوچھنے کی بجائے کہ کس کو قصور وار ٹھہرایا جائے اور برے طرزِ عمل میں ملوث ہونے والوں کو کس طرح سزا دی جائے گی، ایک اصلاحی طریقہ چار اہم سوال پوچھتا ہے:

- کیا ہوا؟
- اس طرزِ عمل سے کس کو نقصان پہنچا یا متاثر ہوا؟
- اصلاح کرنے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟
- مستقبل میں لوگ کس طرح مختلف رویہ اختیار کر سکتے ہیں؟

### اصلاحی طریقوں کا فرہنگ الفاظ و معنی

- دائروی طریقہ: ایک اسکول کے تعلیم پروگرام میں دائروی طریق کار کا باقاعدہ استعمال انسدادی اور مداخلتی، حکمتِ عملیوں کے طور پر کار آمد ہیں۔ دائروی طریقہ ایک گروہ کو تعلقات تعمیر کرنے، فہم اور بھروسہ قائم کرنے کے قابل بناتا ہے، برادری کا احساس پیدا کرتا ہے، یہ سیکھاتا ہے کہ باہمی طور پر فیصلہ کس طرح کیا جائے، باہمی فلاح کے لیے معاہدے تشکیل دیتا ہے، پیچیدہ مسئلوں کو سلجھاتا ہے، اور دیگر مسائل پیدا ہونے پر ان سے نمٹتا ہے۔

اسکولی برادری اور اس کے عمدہ وسائل میں ایک محفوط اور معاونتی اسکولی ماحول کو تخلیق کرنے اور اس کو برقرار رکھنے میں طلبا کا گروپ دلچسپی رکھنے والا سب بڑا گروپ ہے۔ طلبا میں اور طلبا، اہل خانہ اور عملے کے ارکان کے مابین برادری قائم کرنا اسکول کے ایک معاونتی اور مشمولی ثقافت کو تخلیق کرنے کے لیے اہم ہے۔ جب طلبا یہ محسوس کرتے ہیں ان کو قبول کیا، ان کا احترام کیا اور ان کو شامل کیا جا رہا ہے تو یہ اسکول کے ساتھ مثبت تعلق قائم کرتے ہیں اور لچک کو پروان چڑھاتے ہیں۔

برادری کی تعمیر میں دائروی طریقہ ذیل پر توجہ دیتا ہے:

- تحفظ اور اعتماد ایک دوسرے کے ساتھ تعلق بنانے کے لیے برادری کے ارکان کو ایک محفوظ اور اعتماد کرنے کے احساس کی ضرورت ہے۔
- وقار۔ ممبران منصفانہ طریقے اور احترام کے ساتھ پیش آتے ہیں اور اپنے افعال کے لیے ذاتی ذمہ داری اٹھاتے ہیں۔
- کشادگی۔ برادری کے اراکین اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار آزادانہ انداز میں کرتے ہیں۔
- احترام۔ ایک برادری کی طرح یکجا ہونے کے لیے، یہ لازمی ہے کہ اراکین یہ محسوس کریں کہ انفرادی طور پر ان کی قدر اور احترام کیا جاتا ہے، یہ لازمی ہے کہ یہ ایک دوسرے کے ساتھ احترام کے ساتھ پیش آئیں۔
- تقویت تقویت کا احساس ایک اہم عنصر ہے اور برادری کے رکن کے طور پر مقصود نتیجہ ہے۔ برادری کی اعانت اراکین کو اپنی ذات پر ایک نئی نظر کے اور اپنی قابلیتوں کے لیے ایک نئے اعتماد کے احساس کے حصول کے قابل بناتی ہے۔

ایک طالب کے نامناسب طرز عمل سے خطاب کرنے کے لیے جب مداخلتی اقدام کے طور پر استعمال کیا جائے، اصلاحی دائرے برادری کے ارکان کو دوسروں کی خیر و عافیت کی ذمہ داری لینے کے لیے با اختیار کرسکتے ہیں، اختلاف بڑھنے سے قبل اس سے نمٹنا یا اس سے خطاب کرنا ہے؛ ان بنیادی عناصر سے نمٹنا جو نوجوانوں کو نامناسب رویے کی جانب لے جاتے ہیں اور ان میں لچک پیدا کرنا؛ شرکا کی مثبت سماجی صلاحیتوں کو بڑھانا، خاص طور پر جنھوں نے دوسروں کو نقصان پہنچایا ہے، اور برا کرنے والوں کو موقع فراہم کریں کہ وہ ان لوگوں کے سامنے جواب دہ ہوں جن کو انھوں نے نقصان پہنچایا ہے اور انہیں اس قابل کریں کہ جہاں تک ممکن ہو کیے گئے نقصان کا ازالہ کریں۔ دائرے کو ایک ایسے مخصوص مسئلے سے خطاب کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جو اسکولی برادری کو متاثر کر رہا ہو۔

- باہمی بات چیت: ایک باہمی بات چیت کا طریقہ استعمال کرنا ایک فرد کو کسی مسئلہ یا تنازع پر ان لوگوں سے براہ راست بات کرنے کے قابل بناتا ہے جس کے ساتھ وہ اختلاف رائے رکھتے ہیں تاکہ کسی باہمی اطمینان بخش حل تک پہنچا جا سکے۔ ۔باہمی بات چیت میں دھیان سے سننا اور دیگر تنازے کے سلجھاؤ کی صلاحیتیوں کی تعلیم شامل ہیں۔

- ہمسر ثالثی: ایک غیر جانبدار، تیسری ثالث جماعت ( اسکول میں ایک طالبِ علم جس کو ہمسر ثالث کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے تربیت دی جا چکی ہو ) اختلاف رکھنے والی جماعتوں کے مابین بات چیت کو سہل بناتا ہے تاکہ ایک باہمی تسلی بخش حل تک پہنچا جا سکے۔ ثالثی یہ تسلیم کرتی ہے کہ تنازعتی نقطہ نظر جو کہ تنازعہ رکھنے والے سامنے لائے ہیں مستند ہیں اور تنازعہ رکھنے والوں کو ایک ایسے حل تک پہنچنے میں مدد کرتی ہے جو دونوں جماعتوں کی ضروریات پر پورا اتریں۔ تنازعہ رکھنے والوں کے لیے ثالثی کا انتخاب کرنا اور اس عمل میں رضامندی کے ساتھ شرکت کرنا لازمی ہے۔ ثالثی کو اس صورت میں استعمال نہیں جا سکتا جب ایک فرد کو کسی دوسرے فرد کے ذریعے ( مثال کے طور پر ہراس یا غنڈہ گردی کی صورت میں) طاقت کے عدم توازن کی وجہ سے نشانہ بنایا ہو۔

- رسمی اصلاحی کانفرنس: ایک کانفرس اس فرد کی طرف سے منظم کی جاتی ہے جن کو مخصوص تربیت دی جاتی ہے کہ وہ ان افراد کو اکٹھا کریں جنہوں نے نقصان پہنچانے کا اعتراف کر لیا ہو اور ان کو جن کا نقصان ہوا ہے۔ حالات سے قطعہ نظر، اسکولی ماحول میں اس انتخاب کو منتخب کرنے میں جس فرد کو نقصان پہنچا ہے اس کی ذہنی، جسمانی صحت، تحفظ اور بہبود انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ دونوں فریق اپنے حامیوں کو لا سکتے ہیں، جواس واقعہ سے متاثر ہوئے ہوں۔ کانفرنس کا مقصد نقصان کرنے والے اور نقصان کا شکار بننے والے دونوں کو ایک دوسرے کے نظریات کو سمجھ کر کسی باہمی معاہدے پر پہنچانا ہے، جس سے نقصان کا جہاں تک ہو سکے ازالہ کیا جا سکے۔ ایک رسمی اصلاحی کانفرنس کو بطور ایک مداخلت کے تادیبی کارروائی کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے (مثلاً طالب علم ایک رسمی اصلاحی کانفرنس میں حصہ لیتا ہے ایک استاد کی جانب سے ہٹائے جانا یا ایک پرنسپل یا مہتمم کی معطلی کے ساتھ) یا اسے بطور ایک تادیبی مداخلت کے استعمال کیا جاسکتا ہے ایسے طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے جس میں استاد کی جانب سے ہٹائے جانا یا معطلی درکار نہ ہو۔ اس کانفرنس کا استعمال اس وقت نہیں کیا جانا چاہیے جب ادراکی طاقت شرکت کرنے والے طلبا کے مابین غیر متوازن ہو۔

- دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید: دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید ایک ایسی کارروائی ہے جسے اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ اسکول کمیونٹی میں واپس آنے والے طلبا کا رسمی طور پر استقبال کیا جائے اور طالب علم کے لیے ایک معاون نظام تشکیل دیا جائے (جیسے، بنیادی تعلقات اور وسائل)۔ واپس آنے والے طلبہ اور دائرہ میں دیگر شرکت کنندگان (مثال کے طور پر، اسکول کے عملہ اور والدین) اس بارے میں بات کر سکتے ہیں کہ کیسے آسانی سے واپسی کو فروغ دیا جائے، اور انفرادی یا کمیونٹی معاملات سے کیسے نمٹا جائے جنہیں معطلی کے واقعہ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دائرہ طلبا کے لیے ایک ایسی جگہ فراہم کرتا ہے جہاں وہ اپنے خیالات کا اظہار کر سکے، فعال طور پر ایک دوسرے کے تناظر کو سن سکے اور برادری کا احساس پیدا کر سکے۔ اس تجربہ سے اسکول کی ایک پراثر ثقافت تعمیر کرنے میں مدد ملتی ہے جس پر سے طلبا، عملہ اور برادری کے لوگ بھروسہ کر سکتے ہیں اور ضرورت کے وقت واپس آ سکتے ہیں۔ دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید کا استعمال تادیبی کارروائی کے ساتھ ایک مداخلت کے طور پر کیا جا سکتا ہے (مثال کے طور پر، استاد کے نکالے جانے یا پرنسپل یا مہتمم کی معطلی کے بعد دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید میں شرکت کرنے والے طلبا)۔

اوپر واپس جائیں

## غنڈہ گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے نمٹنا

### انسداد اور مداخلت

ہر اسکول سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسکول کی مشفق ثقافت کو فروغ دیں جس سے افراد کے مابین مفاہمت اور گروہوں کے درمیات تعلقات اور طلبا کے مابین اور طلبا اور عملہ کے درمیان تنوعیت کے لیے احترام کو فروغ ملتا ہے۔ اسکولوں کو چاہیے کہ تمام طلبا کو معاون اور محفوظ ماحول فراہم کریں جس میں وہ تعلیمی اور سماجی طور پر ترقی کر سکیں اور فروغ پا سکیں۔ طلبا کی تعلیم حاصل کرنے اور اعلی تعلیمی معیارات پر پورا اترنے کی قابلیت اور ایک اسکولی برادری کی تعلیم دینے کی اہلیت خطرے میں پڑ جاتی ہے جب طلبا دیگر طلبا کے خلاف تعصبانہ یا ہراس، غنڈہ گردی، یا دھمکانے کے طرز عمل میں مشغول ہوتے ہیں۔

اسکول کو چاہیے کہ وہ غنڈہ گردی کے طرزِ عمل کا مکمل طور پر انسداد کرے:

- اسکول پیما اور سماجی اور جذباتی تعلیم پر مبنی کلاس روم کی حکمت عملیاں اور نظم و ضبط کے مثبت طریقوں کا نفاذ؛
- ہر گریڈ میں غنڈہ گردی کے انسداد کے سلسلے میں عمر کے متناسب تعلیم جو نصاب سے مربوط ہو۔
- اسکول پیما اور کلاس روم کے ایسے ماحول کی تخلیق جو نسلی، ثقافتی اور تنوعیت کی دیگر اشکال کی معاونت کرے، (یعنی طرزِ عمل کی توقعات کی واضح ابلاغ، تعصب میں تخفیف کے سلسلے میں سبق کے منصوبوں کا انضمام، غیرجانبدارانہ طرزِ عمل کی نمونہ سازی، ہمدردی کو فروغ دینا اور باہمی تعاون کے ساتھ تعلیم)؛ اور
- غنڈہ گردی کے طرزِ عمل کی انسداد کی آغاز کاری میں والدین کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا۔

ہر اسکول کو چاہیے کہ غنڈہ گردی کے طرز عمل کے خاتمے کے لیے نظم و ضبط کے ایسے طریقوں کو استعمال کر کے مداخلت کریں جس سے بحالی کی طریقوں کی پر عظمی کی عکاسی ہو، جن میں یہ شامل ہو سکتے ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہے:

- زخمی طلبا کو فوری اسکول اور کمیونٹی کی موزوں معاونتی خدمات کا حوالہ دینا؛
- نقصان پہنچانے والوں کو صلاح کاری کا حوالہ دینا تاکہ ذیل کے طرزِ عمل سے نمٹا جا سکے اور / یا موزوں نظم و ضبط کے لیے امنتظمین کا حوالہ دینا؛
- تمام ملوث افراد کے والدین کو اطلاع دینا؛
- حل کرنے کی کارروائیاں، جیسے کہ تجربہ کار دائرہ کے قائد کے زیر قیادت انصاف کے دائروں کو بحال کرنا؛ اور
- جاری کارروائیوں کا مقصد طرز عمل کے دوبارہ رونما ہونے سے اجتناب کرنا ہے، جیسے ایک سرگرمی کے لیے بالغ کی نگرانی کی کا بڑھنا جس میں وہ واقعات پیش آئے ہیں اور نقصان پہنچنے والوں کی حفاظت کی کڑی نگرانی کرنا۔
- انفرادی معاونتی منصوبے کی فروغ دہی ("ISP")
- انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا اجلاس بلانا
- (والدینی اجازت کے ساتھ) اجتمائی خدمت میں شرکت کرنا

غنڈہ گردی اور ہراس مختلف شکلیں اختیار کر سکتے ہیں اور ان میں ایسے طرز عمل شامل ہیں جو طلبا کو ان کے اصل یا تصور کردہ، نسل، رنگ، قومی نژاد، قومیت، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، مذہب، مسلک، معذوری، جنسی میلان، جنس، جنسی شناخت، جنسی رجحان یا وزن کی بنا پر طلبا کو ہدف بناتے ہیں۔ ایسے طرز عمل تمام طلبا کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں، اور یہ اسکول کی ذمہ داری ہے کہ ایسے ہراس کے نتیجے میں وجود میں آنے والے نفرت انگیز ماحول کو ختم کرے، اس کے اثرات سے خطاب کرے، اوریہ یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے کہ ہراس دوبارہ وقوع پذیر نہ ہو۔ ہراساں کرنے، دھمکی دینے، امتیازیت، اور / یا غنڈہ گردی کے طرزِ عمل کی تمام رپورٹوں کی جانچ کی جائے گی، اور جانچ کے بعد مناسب کارروائی کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم [چانسلر کا ضابطہ A-832](https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

اسکول برادری کا ہر شخص - اساتذہ، معاونتی عملے، تحفظاتی ایجنٹوں، کیفیٹریا، عمارت کی نگرانی کے عملے، بس ڈرائیور، اسکول مشیران، طلبا کے لیے معاونتی عملہ، طلبا اور والدین کو - یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ غنڈہ گردی کیا ہے اور NYCDOE کے وہ قوانین ایسے طرز عمل کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ اسکول پیما قواعد کی وضاحت جو غنڈہ گردی اور تعصب کو ممنوع قرار دیتے ہیں اور تماشائی ( تماشا دیکھنے) کے طرز عمل کی دل شکنی کرتے ہیں، طلبا کی غنڈہ گردی کے انسداد میں ایک اہم کردار کرنے میں مدد کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں۔

طالب علم سے طالب علم کی غنڈہ گردی اور / یا تعصب پر مبنی طرز عمل کا انسداد ایسی موثر سماجی جذباتی تعلیم کا جز ہے جو طلبا کی بنیادی قابلیتوں کے فروغ میں مدد کرتی ہے۔ زندگی کی یہ بنیادی صلاحیتیں ہیں: اپنے ذاتی جذبات کی شناخت اور ان کو منظم کرنا؛ دوسروں کا خیال اور تردد کو فروغ دینا؛ مثبت تعلقات قائم کرنا؛ ذمہ دارانہ فیصلے کرنا؛ اور دقت طلب حالات سے تعمیری اور اخلاقی طریقے سے نمٹنا۔

جو طلبا اپنے ذاتی جذبات کی شناخت اور ان کو منظم کرنے کے قابل ہوتے ہیں یہ ہمسروں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے کے وقت جارحانہ یا غیر مزاحم ہونے کے بجائے خودرائی پر مائل ہوتے ہیں۔ جو طلبا دوسروں کے لیے ہمدردی اور تشویش کو فروغ دیتے اور مثبت تعلقات قائم کرتے ہیں تو ان کا غنڈہ گردی یا تعصب پر مبنی طرز عمل میں مشغول ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ، جو طلبا یہ سیکھ چکے ہیں کہ ذمہ دارانہ فیصلے کس طرح کیے جائیں اور مسابقت طلب صورت حال سے بااخلاق اور مثبت انداز میں کس طرح نمٹا جائے تو ان کا تماشائی بننے کا امکان کم ہوتا ہے اور انکا ایک ہمسر کو کسی بھی طرح سے ہراس یا غنڈہ گردی کا ہدف بننے کی صورت میں ایک دوست کی طرح کردار ادا کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ تمام طلبا کی یہ سیکھنے میں مدد کے لیے کہ دوست کس طرح بنا جائے، NYCDOE اساتذہ اور مشیروں کو سب کے لیے احترام کو پروان چڑھانے کے نصابی نمونے کو استعمال کرنے کی تربیت فراہم کرتا ہے: طلبا کو تماشائیوں سے دوستوں میں منتقل ہونے میں تقویت دینے سمیت سب کے لیے احترام (RFA) کے دیگر پیشہ ورانہ فروغ کے مواقع۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم NYCDOE سب کے لیے احترام (RFA) کی لائبریری (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/respect-for-all) ملاحظہ کریں۔

اسکولی برادری کی غنڈہ گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے نمٹنے میں مدد کرنے کے لیے NYCDOE سب کے لیے احترام (RFA) کی لائبریری (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/respect-for-all) والدین، طلبا، اسکولی عملے اور اسکولی قائدین کو مختلف قسم کے وسائل کی پیشکش کرتی ہے۔ ان وسائل میں رہنمائی دستاویزات اور والدین اور طلبا کے لیے تجاویز کی شیٹ شامل ہیں، بشمول غنڈہ گردی اور اختلاف کے فرق کو سمجھنے کے لیے ایک اہم RFA مراسلہ، اس کے ساتھ ساتھ اسباق، کتب کی فہرست، اور اسکولی عملے کے لیے دیگر تعلیمی مواد۔ اسکولوں کی غنڈہ گردی، بشمول سائبر غنڈہ گردی، اور تنوع کے لیے احترام کے اسباق اور دیگر سرگرمیوں میں اپنے تدریسی پروگرام میں ان وسائل کو شامل کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

سب کے لیے احترام لائبریری اسکولوں کو طلبا کو احترام کو پروان چڑھانے میں مشغول کرنے کے ایسے مواقع اور حکمت عملیوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے جیسے غنڈہ گردی کے انسداد کا مہینہ، نام نہ بگاڑنے کا ہفتہ یا ہمارے اسکول میں نہیں یا نفرت کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے جیسے پراجیکٹ۔ اسکول چاہیے کلاس یا اسکول پیما مہینے کی کتاب کی نشان دہی کرنے کے لیے کتب کی فہرست کو استعمال کرے یا چاہیے تربیت یافتہ ہمسر معلم کے ذریع ہمسر تا ہمسر کی ورکشاپ کا انعقاد کرے تاکہ غنڈہ گردی کے طرز عمل کا انسداد کیا جائے یا تنوع کے لیے احترام کو پروان چڑھایا جائے، یہ اہم ہے کہ ہر ایک اسکولی برادری پرمعنی اور پیش قدم انداز میں اسکول کی ایک ایسی ثقافت اور فضا کو تخلیق کرنے میں مصروف ہو جہاں طلبا اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں اور یہ محسوس کریں کہ ان کا احترام کیا جاتا ہے۔

والدین اور طلبا درج ذیل میں سے کسی ایک کو مکمل کر کے غنڈہ گردی کے طرزِ عمل سے متعلق تشویشات کی اطلاع دے سکتے ہیں:

1. اسکول کے سب کے لیے احترام (RFA) رابطہ کار، بچے کے اسکول کے انتظامیہ کے رکن، یا اسکول کے کسی اور ملازم کو مطلع کریں؛ یا
2. آن لائن فارم جمع کرائیں (https://www.nycenet.edu/BullyingReporting) یا RespectforAll@schools.nyc.gov پر دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی (OSYD) کو ای میل کریں؛ یا
3. اگر مسئلہ جنس پر مبنی ہراس پر ہے، تو نیز DOE زمرہ IX کو Title_IX_Inquiries@schools.nyc.gov پر؛ یا اس پر یا ذیل پر ای میل کریں
4. پیر تا جمعہ صبح 9:00 بجے تا شام 5:00 بجے 718-935-2288 پر نمبر کال کریں۔

والدین کو چاہیے کہ جانچ کے لیے اسکول کے انتظامیہ سے واقعہ کی تعداد کا مطالبہ کرے۔ اسے آن لائن واقعات کی رپورٹنگ کے نظام (OORS) کی تعداد کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔

ہراساں کرنے، دھمکی دینے، امتیازیت، اور / یا غنڈہ گردی کے طرزِ عمل کی تمام رپورٹوں کی جانچ کی جائے گی، اور اس کے بعد مناسب کارروائی کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم چانسلر کا ضابطہ A-832 A-832 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

## غنڈہ گردی کیا ہے؟

غنڈہ گردی ایک ایسا طرز عمل ہے جس کا مقصد کسی قسم کا نقصان پہنچانا ہے۔ غنڈہ گردی کرنے والا فرد جان بوجھ کچھ ایسا کہتا یا کرتا ہے جو اس کے طرز عمل کے شکار شخص کو نقصان پہنچاتا ہے۔

غنڈہ گردی کے طرز عمل میں ہمیشہ غنڈہ گردی کرنے والے فرد اور طرز عمل کے شکار فرد کے درمیان غیر متوازن طاقت ( جسمانی یا سماجی) یا توانائی شامل ہوتی ہے۔ غنڈہ گردی کرنے والا فرد اہدافی فرد کے مقابلے میں جسمانی طور بڑا یا طاقتور یا عمر میں بڑا یا بہتر سماجی حیثیت رکھ سکتا ہے۔

غنڈہ گردی ایک فرد (یا گروپ) کی جانب سے ایک ایسا جارحانہ طرز عمل ہے جس کا ہدف ایک مخصوص فرد (یا گروپ) ہوتا ہے۔ جاراحانہ طرز عمل غیرمطلوب اور منفی ہوتا ہے۔ یہ جان بوجھ کر اور بلا اشتعال ہوتا ہے۔ اہدافی فرد کو جان بوجھ کر کچھ کر کے یا کہہ کر نقصان پہنچتا ہے۔ مزید مخصوص طور پر، نیویارک ریاست تعلیمی قانون، سیکشن 11 (https://www.nysenate.gov/legislation/laws/EDN/11) کے مطابق:

"ہراساں کرنے" اور "غنڈہ گردی" کا مطلب ڈرانے، دھمکانے یا ایذا دہی کے ذریعے نفرت انگیز ماحول پیدا کرنا ہے، بشمول سائبر غنڈہ گردی، جس میں (a) طالب علم کی تعلیمی کارکردگی، مواقع یا فوائد، یا ذہنی، جذباتی، یا جسمانی فلاح و بہبود کے ساتھ غیر معقول حد تک اور حقیقی طور پر مداخلت کا اثر ہے یا ہوگا؛ یا (b) مناسب طور پر ان کا باعث بنتا ہے یا معقول حد تک توقع کی جائے گی کہ وہ طالب علم کو ان کی جسمانی حفاظت کا خوف دلائے گا؛ یا (c) معقول حد تک باعث بنتا ہے یا معقول حد تک توقع کی جائے گی کہ کسی طالب علم کو جسمانی ضرر یا جذباتی نقصان پہنچے گا۔؛ یا (d) اسکولوں کی املاک سے دور واقع ہوتا ہے اور اسکول کے ماحول میں معقول حد تک خلل اندازی کا خطرہ پیدا ہوتا ہے یا اس کا امکان پیدا کرے گا، جہاں یہ ممکن ہے کہ سرانجام دہی، ڈرانا، دھمکانا، یا ایذا دہی اسکول کی املاک تک پہنچ جائے۔ ہراساں کرنے اور غنڈہ گردی کا عمل میں یہ شامل ہو سکتا ہے، لیکن ان تک محدود نہیں ہوگا، ان اعمال کی بنیاد شخص کی اصل یا ادراکی نسل، رنگ، وزن، قومی نژاد، نسلی گروپ، مذہب، مذہبی طریقوں، معذوری، جنسی رجحان، صنفِ جنس یا جنس پر ہے۔ اس تعریف کی مقاصد کے لیے، "ڈرانے، دھمکانے یا ایذا دہی" کی اصطلاح میں زبانی اور غیر زبانی اعمال شامل ہوں گے۔

ہراساں کرنا اور / یا غنڈہ گردی بہت سی شکلیں اختیار کر سکتے ہیں اور یہ جسمانی، غیر زبانی، زبانی، یا تحریری ہو سکتے ہیں۔ یہ ایک واحد واقعہ ہو سکتا ہے یا متعلقہ واقعات کا ایک سلسلہ ہو سکتا ہے۔ تحریری امتیازیت، ہراساں کرنا، دھمکانا، اور / یا غنڈہ گردی میں برقی طور پر منتقل ہونے والی مواصلات اور سائبر کی غنڈہ گردی شامل ہیں (مثال کے طور پر، انفارمیشن ٹکنالوجی کے ذریعے اس میں شامل ہے، لیکن ان تک محدود نہیں: انٹرنیٹ، سیل فون، ای میل، ذاتی ڈیجیٹل امدادی وائر لیس دستی آلات، سوشل میڈیا، بلاگز، چیٹ رومز، اور گیمنگ کا نظام)۔

## غندہ گردی اختلاف نہیں ہے

اختلاف دو یا اس سے زائد ایسے افراد کے مابین ایک جدوجہد ہے جو سمجھتے ہیں کہ وہ بے جوڑ اہداف یا خواہشات رکھتے ہیں۔ جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ باہمی تعامل کرتے ہیں اختلاف قدرتی طور پر رونما ہوتا ہے یہ زندگی کا ایک عام حصہ ہے کہ ہم دیگر افراد کے ساتھ اس بارے میں ہمیشہ اتفاق نہیں کریں گے کہ ہم کیا چاہتے ہیں، ہم کیا سوچتے ہیں، یا ہم کیا کرنا چاہتے ہیں۔

طلبا کے درمیان زیادہ تر اختلافات اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب طلبا ایک ہی صورت حال کو دو مختلف نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں۔ کچھ اسی صورت حال کے بارے میں سوچیں جس میں ہم لوگوں کے درمیان اختلاف کو بیان کرتے ہیں۔ "ان میں زور دار بحث ہو رہی تھی"؛ "یہ ایک دوسرے کو جواب دے رہے تھے"؛ "یہ وہی تھا اس نے کہا / ان لوگوں نے کہا"۔ ایسی صورتوں میں، دونوں افراد مساوی طور پر " اپنی کہانی سنا رہے ہیں۔"

اختلاف میں لوگ کو جھنجھلاہٹ ہو سکتی ہے اور ان کو غصہ آ سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ ہر ایک فرد کے محسوس کیے جانے والے جذبات کی مقدار نسبتاً مساوی ہو گی کیونکہ یہ دونوں اس کے لیے مدِمقابل ہیں جو وہ چاہتے ہیں۔ گرما گرمی کے وقت میں، ایک یا دونوں افراد کے جذبات اختلاف کو بڑھا سکتے ہیں۔ ہم سب ایسے اختلافات کو جانتے ہیں جس میں لوگ ایک دوسرے کو دکھ پہنچانے کے لیے ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں جن کے لیے بعد میں ان کو افسوس ہوتا ہے۔

اختلاف میں مشغول ہونے والے افراد مسئلے کو حل کرنا چاہتے ہیں۔ " آگے پیچھے" ہوتا رہتا ہے کیونکہ ہر ایک فرد اپنی مرضی کو ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جب ایک یا دونوں افراد مسئلے کو اس طرح حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ دونوں فریقوں کی کی ضروریات پوری ہوں، یہ ہی اختلاف دونوں افراد کے درمیان دوبارہ نہ ہو۔

اوپر واپس جائیں

## تادیبی کاروائیاں

### اسکول کے اندر تادیبی کارروائیاں

اسکول کی تادیبی کاروائیوں کے متعدد طریقہ کار ہیں جن کو طلبا کو ان کے طرز عمل کے لیے جوابدہ ٹھہرانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ان میں کلاس روم یا اسکول سے خارج کرنا یا ایک متبادل تدریسی جگہ پر تقرری شامل نہیں ہے۔ بنیادی تادیبی کاروائیوں کے طریق کار کو معاونت کی ترقی پذیر سیڑھی اور تادیبی ردِ عمل میں خاکہ کش کیا گیا ہے۔ اسکول کےموزوں مداخلتی اقدامات اور/ یا تادیبی ردِ عمل کے اطلاق کرنے کے فیصلےمیں بہت سے عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیے بشمول غلط رویے کی نوعیت اور سنگینی شامل ہیں۔

### معطلیاں اور استاد کے ذریعے خارج کیا جانا

تمام معطلیوں اور کلاس روم سے اخراج کو علیحدہ علیحدہ اور چانسلر کے متعلقہ ضابطے، ریاستی تعلیمی قانون اور وفاق قوانین کے تحت قانونی طور پر کیا جانا چاہیئے۔ (نوٹ: موسم گرما اسکول کے لیے طلبا کے تادیبی کاروائی کے طریقہ کار معمول کے تعلیمی سال کے دوران استعمال کیے جانے والے طریقہ کار سے مختلف ہوتے ہیں اور ان کو علیحدہ طور پر جاری کیا جاتا ہے۔ ) **طلبا کے ریکارڈ میں درج کی جانے والی تمام معلومات** چانسلر کے ضابطے A-443 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations ) کے مطابق ہونی چاہیے۔ اسکولوں سے معطلی سے واپس لوٹنے والے طلبا کو اسکولی برادری کے اندر سماجی اور تعلیمی معیارات کی تکمیل کی قابلیت میں اضافے کے لئے امدادی خدمات فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

پانچ سے زائد تعلیمی دن کی معطلی اسکول کے تمام طلبا کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کے فروغ (”OSYD“) کے سینئر ایگزیکیٹو ڈائریکٹر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد، یا ایلیمنٹری اور مڈل اسکولوں میں برادری کے مہتمم کے ذریعے لاگو کی جا سکتی ہے۔ حوالے کی آسانی کے لیے " مہتمم کی معطلی" کو اس پورے دستاویز میں استعمال کیا گیا ہے تاکہ دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کے فروغ کے سینئر ایگزیکیٹو ڈائریکٹر کے ذریعے یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد کے ذریعے یا برادری کے مہتمم کے ذریعے لاگو کی گئی معطلیوں کی وضاحت کی جا سکے۔

20 دن سے زائد مہتمم کی معطلیاں (مزید معلومات کے لیے صفحہ 25-24 ملاحظہ کریں۔) صرف قانون کے مطابق یا سطح 5 کی ان خلاف ورزیوں کے لیے نافذ ہوں گی جو سنگین طور پر خطرناک اور / یا تشدد آمیز طرزِ عمل میں اس جگہ ملوث ہوتی ہیں جہاں معاملات طویل معطلی کے نفاذ کا تقاضا کرتے ہیں۔ 20 تعلیمی دنوں سے زیادہ دن کی معطلیوں کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایکزیکیوٹو ڈائریکٹر یا چانسلر یا اجتمائی مہتمم کی طرف سے کسی اور نامزد کردہ کی منظوری درکار ہے۔

### معذور طلبا کے لیے خصوصی تحفظات

معذوری کے حامل طلباء، 504 منصوبے، یا جنھیں "معذوری کا حامل ہونا قیاس کیا گیا ہے"، وہ IDEA کے تحت مخصوص تحفظاتی طریقِ کار کے اہل ہیں (چانسلر کا ضابطہ A-443 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔ اس طالبِ علم کو معذوری کا حامل طالب علم تصور کیا جاتا ہے اگر والدین تحریر میں تشویش کا اظہار کریں کہ طالبِ علم کو خاص تعلیم اور/ یا متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے، والدین نے اپنے بچے کی تشخیص کے لیے تحریری درخواست کی ہے، والدین یا اسکول کا عملہ ایک مسلسل طرزِ عمل کے بارے میں تشویش کا اظہار کرے یا طالبِ علم کو ایک ابتدائی تشخیص کا حوالہ دیا جا چکا ہو۔

### بدعملی کی وجہ کی وضاحت کا جائزہ (MDR)

بد عملی کی وجہ کی وضاحت کا جائزہ (MDR) لیا جانا لازمی ہے جب ایک معذوری کا حامل طالب علم یا ایک طالب علم جسے معذوری کا حامل تصور کیا گیا ہے اس کو تقرری میں تادیبی تبدیلی کا سامنا ہوسکتا ہے، یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا طرزِعمل اسکی معذوری کے باعث پیش آیا ہے یا اس کا طالب علم کی معذوری سے براہِ راست اور اہم تعلق ہو اور/ یا یہ IEP یا جز 504 منصوبے کے نفاذ میں ناکامی کا براہِ راست نتیجہ تھا۔ اگر طالب علم کا طرزِ عمل طالب علم کی معذوری کی وجہ سے رونما ہوا تھا، مخصوص حالات کے علاوہ طرزِ عمل کے لیے طالب علم کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے۔ اگر طالب علم کا طرزِ عمل طالب علم کی معذوری کی وجہ سے رونما نہیں ہوا ہے، تو طالب علم کو طرزِ عمل کے لیے تادیب کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

تقرری میں تبدیلی کے لیے تادیبی کاروائی اس وقت کی جاتی ہے اگر طالب علم ذیل وجہ سے اس کے معمول کے پروگرام سے خارج کیا جاتا ہے:

(1) مہتمم کی معطلی کے نتیجے کے طور پر مسلسل 10 اسکولی ایام سے زیادہ کی معطلی؛

(2) تین یا اس سے زیادہ انضباطی کارروائیوں (مہتمم کی معطلی، پرنسپل کی معطلی، اور / یا استاد کا اخراج) کے نتیجے کے طور پر 40 اسکولی ایام کی مدت میں مجموعی 10 اسکولی ایام سے زیادہ معطلی؛ یا

(3) انضباطی کارروائیوں کے نتیجے میں ایک تعلیمی سال میں مجموعی طور پر 10 سے زیادہ تعلیمی ایام کی معطلی جس کا تعین پرنسپل ایک پٹرن (متواتر) اخراج کے طور پر کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے NYCDOE طرز عمل معاونت پیج (https://www.schools.nyc.gov/special-education/supports-and-services/behavior-supports) ملاحظہ کریں۔

## افعالی طرزِ عمل کی تشخیصات (FBAs) اور طرزِ عمل کی مداخلت کے منصوبے (BIPs)

اگر کسی IEP کے حامل طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی کی جاتی ہے اور یہ تعین کیا جاتا ہے کہ طرزِ عمل طالب علم کی معذوری کی وجہ سے رونما ہوا ہے، افعالی طرزِ عمل کی تشخیص یا اس تجدید کرنا اور BIP کو فروغ دینا یا ترمیم کیا جانا لازمی ہے۔ اسکے علاوہ، جبکہ یہ تعین کرلیا جائے کہ طالب علم کا طرزِ عمل اس کی معذوری کی وجہ سے رونما نہیں ہوا ہے، ایک افعالی طرزِ عمل کی تشخیص طالب علم کے طرزِ عمل کی زیادہ عمیق طریقے سے سمجھنے میں مدد کر سکتا ہے۔

تفاعلی طرزِ عمل تشخیص (FBA) ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے یہ تعین کیا جاتا ہے کہ معذوری کا حامل طالبِ علم ایسے طرزِ عمل میں کیوں ملوث ہوا جس کی وجہ سے تعلیم میں خلل پڑا اور طالب علم کا طرزِ عمل ماحول سے کس طرح وابستہ ہے۔

FBA کا متعدد اعداد و شمار پر مبنی ونا لازمی ہے، جس کو مختلف وسائل، دن کے مختلف اوقات کے دوران حاصل کیا جانا چاہیئے جن میں زیل شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں ہے: طالب علم کے براہِ راست مشاہدے سے جمع کی گئی معلومات؛ طالب علم، طالب علم کے استاد (اساتذہ)، متعلقہ خدمات فراہم کننده (کنندگان) اور دیگر افراد سے معلومات جن کے ساتھ طالب علم تفاعل کرتا ہے؛ اور طالب علم کے ریکارڈ اور دیگر ذرائع سے دستیاب اعداد وشمار اور معلومات، بشمول طالب علم کے والدین / دیکھ بھال فراہم کنندگان کی جانب سے فراہم کردہ کوئی متلعقہ معلومات۔ FBA کو ایک ٹیم کے ذریعے انجام دیا جانا چاہیئے؛ پرنسپل ٹیم اور اسکے سہولت کار کو نامزد کرے گا۔

طرزِ عمل مداخلتی منصوبہ (BIP) ایک ایسا منصوبہ ہے جس کی بنیاد FBA کے نتائج پر ہوتی ہے اور اس میں کم از کم طرزِعمل کے مسئلے کی وضاحت، عالمی اور مخصوص قیاس کہ طرزِعمل کا مسئلہ کیوں پیش آتا ہے؛ اور طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے مداخلت کی حکمت عملیاں جن میں مثبت طرزِ عمل کی معاونتیں شامل ہوتی ہیں۔ BIP میں مداخلتی حکمت عملیوں کی نشاندہی کی جانی لازمی جو طرزِعمل کے واقع ہونے سے بچانے کے لیے ماقبل سرگرمیوں میں ترمیم کے لیے استعمال کی جائیں گی، طالب علم کو انفرادی متبادل اور موافق طرزِعمل سیکھائیں، اور اہدافی غیرمناسب طرزِ عمل کے نتائج اور متبادل قابلِ قبول طرزِ عمل فراہم کریں۔ بنیادی اعداد وشمار کو کارکردگی کے معیارات قائم کرنے کے لیے بطور ایک پیمانے کے استعمال کیا جانا چاہیئے اور جس سے مداخلت کی تاثیر کی تشخیص کی جاسکے۔ BIP کی نگرانی کی جانی چاہیئے اور والدین کو رپورٹ کیے جانا چاہیئے وہی اعداد وشمار جمع کرنے کے پیمانے استعمال کرتے ہوئے جو FBA کے لیے بنیادی اعداد وشمار جمع کرنے کے لیے استعمال کیے گئے تھے۔ ہدف یہ ہے کہ خراب طرزِ عمل کم ہوتا جاتا ہے جیسے جیسے متبادل طرزِ عمل بڑھتا ہے۔

ایک FBA انجام دیے جانے کے بعد، IEP ٹیم کا FBA کے نتائج کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کرنا لازمی ہے، ایک مماثل BIP تیار کیا جائے اگر مناسب ہو، اور طالب علم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں تجدید کی جائے یہ بیان کرنے کے لیے کہ آیا طالب علم کے طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے ایک مخصوص آلہ یا خدمات، بشمول مداخلت، سہولیات یا دیگر پروگرام ترمیمات درکار ہیں۔

اوپر واپس جائیں

## تادیبی کاروائی کے ردِ عمل

تادیبی کاروائی کے مختلف متبادلات بشمول رسمی اصلاحی کانفرنس کے لیے براہ کرم معاونت کی ترق پذیر سیڑھی اور ضوابطی نتائج کو ملاحظہ کریں۔(صفحہ نمبر 11-12 ملاحظہ کریں)۔

تمام تادیبی کارروائیوں کو چانسلر کے ضابطہ A-443 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) کے طریقِ عمل مطلوبات کے مطابق نافذ کیا جانا چاہیے اور کسی مخصوص خلاف ورزی کے لیے منظور کی گئی تادیبی کارروائیوں کے ریکارڈ میں ہونے چاہئیں۔ اسکولوں سے استاد کی جانب سے خارج کیے جانے، پرنسپل کی جانب سے معطلی یا مہتمم کی جانب سے معطلی سے قبل، جہاں تک ممکن اور مناسب ہو، معاونتیں اور مداخلتیں اور غیرخارج تادیبی کارروائیوں کو استعمال کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

مندرجہ ذیل انضباطی کارروائیوں کے ساتھ،، رسمی بحالی کے کانفرنس اور دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید ( تعریفات صفحہ نمبر 17 پر ملاحظہ کریں) کا استعمال ایک مداخلت کے طور پر کیا جا سکتا ہے۔

### اسکول کے اندر تادیبی کارروائیاں

اسکول میں تادیبی کاروائیوں میں دیر تک روکے جانا، غیر نصابی سرگرمیاں یا مشترکہ لنچ کے وقت سے خارج کیا جانا شامل ہو سکتا ہے۔ اگر اسکول میں یہ کارروائیاں استعمال کی جاتی ہیں تو ان کو کلاس کے اوقات کے دوران نہیں ہونا چاہیئے، جو طالب علم کے تعلیم نہ پانے کا نتیجہ بن جائے اور ان کو NYCDOE کی صحت افزا پالیسی (https://infohub.nyced.org/reports-and-policies/policies/doe-wellness-policy) کے تحت کیا جانا چاہیے۔

### کلاس روم سے استاد کے ذریعے اخراج

ایک ایسا طالب علم جو ایک ایسے طرز عمل میں مشغول ہوتا ہے جو تعلیمی طریقہ کار کے لیے نہایت خلل آمیز ہے یا کلاس میں استاد کے اختیار میں خلل ڈالے تو اس کو اس ضابطے میں دیے گئے تادیبی متبادلات کے مطابق کلاس روم سے خارج کیا جا سکتا ہے۔ تمام خارج شدہ طلبا کو اخراج کی درخواست کرنے والے استاد کے علاوہ دیگر اساتذہ کے ذریعے دی جانے والی کلاسوں میں جانے کی اجازت ہونی چاہیئے (مثلاً، موسیقی، فنون، سائنس)۔

خارج کیے گئے طلبا کو اسکول کے اندر ایک مقام پر بھیجا جانا چاہیئے جہاں ان کو مسلسل تدریسی خدمات فراہم کی جائیں گی بشمول کلاس کے کام اور ہوم ورک کے۔ جبکہ طلبا کے خراب طرزِ عمل سے انفرادی بنیادوں پر نمٹنا چاہیے، زیادہ خلل انگیز کلاس روم طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے استاد کی جانب سے خارج کرنے سے قبل مناسب معاونتوں اور مداخلتوں سے نمٹنے سمیت تادیبی کارروائیاں A–E کا استعمال کرتے ہوئے (صفحہ نمبر 12 دیکھیں) ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔

- نیویارک ریاست تعلیمی قانون، سیکشن 2801 (https://www.nysenate.gov/legislation/laws/EDN/2801) کے مطابق، ایک استاد کی جانب سے کلاس روم سے اخراج جب کسی ایک سیمسٹر کے دوران کوئی استاد چار (4) بار اور ایک ٹرائیمسٹر کے دوران تین (3) بار گریڈز 3-5 کے کسی طالب علم کو کلاس روم سے خارج کر دیتا ہے، پرنسپل کی جانب سے کم از کم ایک (1) دن کی معطلی ضرور نافذ کی جانی چاہیے، اگر وہ طالب علم پھر بھی ایسے طرزِ عمل میں مشغول ہوتا ہے جس کا نتیجہ بصورتِ دیگر استاد کی جانب سے اس سمیسٹر یا ٹرائمسٹر میں کلاس سے اخراج ہو۔ مثلاً، وہ طالب علم جسے بصورتِ دیگر ایک سمیسٹر میں پانچویں بار خارج کیا جائے گا اس کے بجائے اسے پرنسپل کی جانب سے ایک معطلی ملنی چاہیے۔ پرنسپل کی جانب سے معطلی نافذ کرنے کے مطلوبات کی پیروی کی جانی لازمی ہے۔

نوٹ: پرنسپلوں کے لیے گریڈ 3 کے طالب علم کی معطلی نافذ کرنے کے لیے OSYD دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایکزیکیٹو ڈائریکٹر کی منظوری لینا لازمی ہے۔

### پرنسپل کی معطلی

پرنسپل ایک طالب علم کو ایسے طرزِعمل کے لیے ایک تا پانچ اسکولی دنوں کے لیے معطل کرنے کا اختیار رکھتا ہے جو طالب علم، دیگر طلبا یا اسکولی عملے کو جسمانی ضرر کا واضح خطرہ پیش کرتا ہے، یا اس ضابطے میں قائم کیے گئے تادیبی کارروائیوں کے مطابق کلاسوں کے منظم کارگزاری یا دیگر اسکولی سرگرمیوں میں مخل ہوتا ہے۔ پرنسپل کی معطلی کو نافذ کرنے سے پہلے معاونتوں اور مداخلتوں کے ذریعے طالب علم کے غیرموزوں طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے معقول کوشش کی جانی چاہیے۔

معطل کیے گئے طالب علم کو اسکول کے اندر ایک متبادل تعلیمی مقام پر تعلیم فراہم کرنا لازمی ہے بشمول ہوم ورک اور کلاس کے کام کے۔

## مہتمم کی معطلی

ایک مہتمم کی معطلی کا نتیجہ معطلی کے دورانیے پر ہوسکتا ہے جو پانچ اسکولی دنوں سے بڑھ جائے اور ایسے طرزِ عمل کے لیے مطلوب ہوسکتی ہے جس کے لیے ضابطہ انضباط میں مہتمم کی معطلی کی اجازت دی گئی ہے۔

وہ طالب علم جو مہتمم کی طرف سے معطل کیا جائے اسکو لازمی طور پر سماعت کا ایک موقع فراہم ہونا چاہیے جس میں وہ اپنے حق میں ثبوت اور گواہ پیش کر سکے اور اسکول کے گواہوں سے جراح کر سکے۔

اگر اسکول الزامات ثابت کر دیتا ہے اور معطلی کو برقرار رکھتا ہے، تو دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان کا سینئر ایکزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کا کوئی اور نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم ذیل میں قائم کیے گئے کے طور پر مندرجہ ذیل میں سے ایک کا نفاذ اور ذیل کے صفحات پر نفاذ کر سکتے ہیں۔

- فوری بحالی
دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایکزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم واپسی کی صورت میں دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید کے ذریعے (صفحہ نمبر 17 پر ملاحظہ کریں) معطلی کے فیصلے کو جائز قرار دینے کے فورا بعد طالب علم کو معطل کرنے والے اسکول میں بحال کرسکتا ہے۔

- 6-10 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کی معطلی
سینئر ایکزیکٹؤ ڈآئریکٹر برائے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو اسکول سے 6-10 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کے لئے معطل رکھ سکتا ہے جس دوران اس طالب علم کو اسکول سے باہر ایک جگہ پر تدریس فراہم کیے جانا لازمی ہے۔ معطلی کی مدت کے اختتام پر، واپسی پر دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید (صفحہ 17 ملاحظہ کریں) کے ذریعے اپنے اصل اسکول کے لیے طالب علم کو بحال کیا جانا چاہیے۔

- 11-15 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کی معطلی
سینئر ایکزیکٹؤ ڈآئریکٹر برائے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو اسکول سے 11-15 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کے لئے معطل رکھ سکتا ہے جس دوران اس طالب علم کو اسکول سے باہر ایک جگہ پر تدریس فراہم کیے جانا لازمی ہے۔ معطلی کی مدت کے اختتام پر، واپسی پر دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید (صفحہ 17 ملاحظہ کریں) کے ذریعے اپنے اصل اسکول کے لیے طالب علم کو بحال کیا جانا چاہیے۔

- 16-20 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کی معطلی
سینئر ایکزیکٹؤ ڈآئریکٹر برائے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو اسکول سے 16-20 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کے لئے معطل رکھ سکتا ہے جس دوران اس طالب علم کو اسکول سے باہر ایک جگہ پر تدریس فراہم کیے جانا لازمی ہے۔ معطلی کی مدت کے اختتام پر، واپسی پر دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید (صفحہ 17 ملاحظہ کریں) کے ذریعے اپنے اصل اسکول کے لیے طالب علم کو بحال کیا جانا چاہیے۔

## عارضی اختیارات برائے مہتمم کی معطلیوں کے لیے چانسلر یا اجتماعی مہتمم کے ذریعے منظوری درکار ہے

20 دن سے زائد مہتمم کی معطلیاں صرف قانون کے مطابق یا سطح 5 کی ان خلاف ورزیوں کے لیے نافذ ہوں گی جو سنگین طور پر خطرناک اور / یا تشدد آمیز طرزِ عمل میں اس وقت ملوث ہوتی ہیں جب معاملات طویل معطلی کے نفاذ کا تقاضا کرتے ہیں۔ سنگین طور پر خطرناک اور / یا تشدد آمیز طرزِ عمل میں یہ شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہے، ایسا طرزِ عمل جس کا نتیجہ شدید جسمانی ضرر ہو یا کسی دوسرے کو جنسی سرگرمی میں ملوث ہونے پر مجبور کرے۔ 20 تعلیمی دنوں سے زیادہ معطلیوں کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر یا چانسلر یا اجتمائی مہتمم کی طرف سے کسی اور نامزد کردہ کی منظوری درکار ہے۔ جہاں 20 اسکولی ایام سے زیادہ معطلی کی منظوری دی جاتی ہے، تو مندرجہ ذیل انضباطی اختیارات دستیاب ہیں:

- 21-39 اسکولی ایام کے لیے طویل مدتی معطلی
دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ کے سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو اسکول سے 21-39 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کے لئے معطل رکھ سکتا ہے جس دوران اس طالب علم کو اسکول سے باہر ایک جگہ پر تدریس فراہم کیے جانا لازمی ہے۔ معطلی کی مدت کے اختتام پر، واپسی پر دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید (صفحہ 17 ملاحظہ کریں) کے ذریعے اپنے اصل اسکول کے لیے طالب علم کو بحال کیا جانا چاہیے۔

- 180-40 اسکولی ایام کی توسیعی معطلی بشمول 30 اسکولی ایام کے بعد ہر 15 اسکولی ایام کے بعد بحالی کا خودکار جائزہ
سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر برائے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم یہ حکم دے سکتا ہے کہ کسی طالب علم کو 180-40 اسکولی ایام کے لئے معطل کیا جائے اور اسے کسی متبادل تعلیمی ادارے میں بھیج دیا جائے، لیکن ہر 15 اسکولی ایام کے بعد اس کی جلدی بحالی کا 30 اسکولی ایام میں خودکار جائزہ لیا جائے۔ طالب علم کو بحال کر دینے کی تاریخ کا تعین کرتے ہوئے، دفتر برائے تحفظاور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایکزیکٹؤ ڈائریکٹر، یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ جس حد تک ممکن ہو، اسکولی کیلنڈر سے رجوع کرے تاکہ تعلیمی تسلسل یقینی بنایا جا سکے۔ اگر جلدی بحالی کی اجازت نہیں دی جاتی ہے، طالب علم اپنے بقایہ معطلی کے دوران متبادل اسکول میں رہے گا، اور معطلی ختم ہوجانے کے بعد اس کو معطلی کرنے والے اسکول میں دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید کے ساتھ بحال کیا جانا چاہیے (صفحہ 17 ملاحظہ کریں)۔

- 60 اسکولی ایام اور اس کے بعد ہر 30 اسکولی ایام کے بعد قبل از وقت بحالی کے لیے ایک خودکار جائزہ کے ذریعے ایک سال کی معطلی۔
1994 کے وفاقی گن فری اسکولز ایکٹ کے تحت، کوئی بھی طالب علم جو اسکول میں ایک پستول/بندوق ، بم یا دیگر دھماکہ خیز مادہ (جیسا کہ زمرہ 1 میں بیان کیا گیا ہے) لیکر آتا ہے یا اس کے پاس پایا جاتا ہے، اسے کم از کم ایک سال کے لیے معطل کیے جانا لازمی ہے۔ دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروگ دہی کے سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ (جیسا کہ گن فری اسکولز ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے) یا اجتماعی مہتمم اس معطلی میں ترمیم کرسکتا ہے، کسی طالب علم کے لیے کیس بہ کیس کی بنیاد پر دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید (صفحہ 17 ملاحظہ کریں)۔

سینئر ایکزیکٹؤ ڈائریکٹر برائے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم یہ حکم دے سکتا ہے کہ کسی طالب علم کو ایک سال کے لئے معطل کیا جائے اور اسے کسی متبادل تعلیمی ادارے میں بھیج دیا جائے، لیکن پہلے 60 اسکولی ایام کے بعد ہر 30 اسکولی ایام کے بعد اس کی جلدی بحالی کا خودکار جائزہ لیا جائے۔ اگر جلدی بحالی کی اجازت نہیں دی جاتی ہے، طالب علم اپنے بقایہ معطلی کے دوران متبادل اسکول میں رہے گا، اور معطلی ختم ہوجانے کے بعد اس کو معطلی کرنے والے اسکول میں دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید کے ساتھ بحال کیا جانا چاہیے (صفحہ 17 ملاحظہ کریں)۔

- اسکول سے نکال دیا جانا (صرف عام تعلیم کے ان طلبا کے لئے جو کہ 1 جولائی کو اسکولی سال شروع ہونے سے قبل، 17 سال کے ہو چکے ہوں۔
دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو نیویارک شہر کے پبلک اسکول نظام سے صرف اسی حالت میں خارج کرسکتا ہے اگر وہ عام تعلیم کا طالب علم ہو اور اسکولی سال کے شروع ہونے سے پہلے 17 سال کا ہو چکا ہو۔

## معطلی کے دوران اور اس سے واپس آنے پر طلبا کے لیے معاونتیں

اسکولوں کو معطلی کے دوران اور اس سے واپس آنے والے طلبا کو مناسب معاونتی خدمات فراہم کرنا لازمی ہے تاکہ وہ اسکولی برادری میں اپنے سماجی/طرزِ عمل اور تعلیمی معیارات پر پورا اترنے کی قابلیت کو زیادہ سے زیادہ استعمال کر سکیں۔ مڈل اور ہائی اسکول کی سطح پر، مہتمم کی جانب سے معطلی پر ہونے والے طلبا کو ایک متبادل تدریسی مرکز (ALCs) تفویض کیا جاتا ہے۔ ایک ALCs میں طلبا روزمرہ کی علمی تدریس کے ساتھ مناسب معاونتیں اور مداخلتیں موصول کرتے ہیں۔ IEPs کے حامل طلبا کو مناسب خاص تعلیم خدمات فراہم کی جانی لازمی ہیں جو طلبا کو انکے IEP اہداف کی تکمیل کرنے میں پیش رفت کا موقع دیتی ہیں۔

ہر گریڈ سطح پر ہدف طلبا کو انکے ہوم اسکول میں واپس آنے کے لیے تیار کرنا ہے ایک افزوں سماج دوست انداز، حکمت عملیوں اور صلاحیتوں کے ساتھ جو لچکداری کو فروغ دیتی ہیں اور طرزِ عمل دہرائے جانے کے امکانات کو کم کرتی ہیں۔ طالب علم کے ہوم اسکول کے لیے لازمی ہے کہ وہ معاونتوں کو جاری رکھے۔ معاونتی خدمات میں کسی بھی حد تک معاونتیں اور مداخلتیں یا انفرادی طالب علم کی ضروریات کی بہتر طور پر تکمیل کرنے والی کسی بھی خدمات کا امتزاج شامل ہوسکتا ہے۔

اوپر واپس جائیں

## اپیلیں اور منتقلیاں

### اپیلیں

والدین معطلی کی اپیل کر سکتے ہیں۔ پرنسپل کی دی گئی معطلی کی اپیل دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ کے پاس کی جا سکتی ہے۔

مہتمم کی معطلیوں ( یعنی دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ یا برادری کے مہتمم کے ذریعے نافذ کردہ معطلیاں) کی اپیل چانسلر کے پاس کی جا سکتی ہے۔ ایک اپیل کے گوشوارہ اور اپیل کرنے کی کارروائی کرنے کے وقت سے متعلق مزید معلومات کے لیے چانسلر کے ضابطے A-443 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

### منتقلی اختیارات

- رضاکارانہ کی منتقلیاں:
  اگر والدین رضامند ہوں، تو دفتر برائے طالبانہ اندراج، دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایگزیکٹؤ ڈائریکٹر یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم طالب علم کو کسی اور اسکول میں منتقل کرسکتا ہے۔ **تحفظاتی منتقلیوں سے متعلق مزید معلومات کے لیے،** چانسلر کے ضابطے A-449 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) کو ملاحظہ کریں۔

- غیر رضاکارانہ کی منتقلیاں:
  جب ایک طالب علم کا عام تعلیم میں طرز عمل اور / یا تعلیمی ریکارڈ یہ مظاہرہ کریں کہ اسکول میں سمانا غیر تسلی بخش ہے اور اگر پرنسپل یہ سمجھتے ہیں کہ طالب علم تبادلے سے مستفید ہو گا یا کہیں اور معقول تعلیم موصول کرے گا تو پرنسپل چانسلر کے ضابطے A-450 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) کے مطابق غیر رضاکارانہ منتقلی کر سکتا ہے۔ اگر ایک معذوری کے حامل طالب علم کو اپنے ہوم اسکول میں موصول کرنے والے اسی پروگرام کے لیے ایک مختلف اسکول میں غیر رضاکارانہ طور پر منتقل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک معذوری کے حامل طالب علم کو ایک خاص تعلیم پروگرام / معاونتوں کی ضرورت ہے کیونکہ طرز عمل اور تعلیمی ریکارڈ یہ مظاہرہ کرتے ہیں کہ اسکول میں سمانا غیر تسلی بخش ہے تو اسکول کو ایک IEP اجلاس بلانا چاہیئے۔

چانسلر کے تمام ضوابط کو NYCDOE کی ذیل ویب سائٹ https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations پر ملاحظہ کریں۔

اوپر واپس جائیں

## ممنوع اشیأ: ہتھیار

### زمرہ I

- اسلحہ، بشمول پستولیں، اسٹارٹر گنز، اور دستی بندوقیں، سائلینسرس، الیکٹرانک ڈارٹس، شاٹ گنز، رائفلیں، مشین گنز، یا دیگر کوئی ہتھیار جو کسی دھماکہ خیز مادے کی طاقت سے گولی کو باہر پھینکے گا یا اس کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے یا فوری طور پرایسا کرنے میں تبدیل کیا جا سکے
- شاٹ گنز/ ہتھیار
- ائیر گنز، اسپرنگ گنز، یا کوئی ایسا دیگر آلہ یا ہتھیار جس میں سے گولی اسپرنگ یا ہوا کی طاقت سے نکلتی ہو، اور ایسا ہتھیار جس میں خالی یا بھرا ہوا کارتوس استعمال کیا جاسکتا ہو (مثلا بی بی گن یا پینٹ بال گن)
- سوئچ بلیڈ چاقو، گریوٹی چاقو، پیلم بیلسٹک چاقو یا کین تلوار (یعنی وہ چھڑی جس میں تلوار یا چھری چھپا ہو)
- خنجر، اسیٹلٹوز، ڈرکس، استرا، باکس کٹرس، کیس کٹرس، یوٹیلیٹی چاقو اور دیگر چاقو
- بلی کلبس، بلیک جیک، بلجیون، چکا اسٹک اور دھاتی دستانے
- غلیل (چھوٹے، وزنی ٹکڑے جو کسی تسمے کے ساتھ ٹکے ہوں یا اس کی طاقت سے پھینکے جاتے ہوں) اور سلنگ شاٹ
- مارشل آرٹس کی اشیأ جیسے کنگ فو سٹارز، نن چکس اور شوریکنز
- دھماکہ خیز اشیأ، جن میں بم، پٹاخے اور بموں کے خول بھی شامل ہیں

### زمرہ II

نوٹ: زمرہ II میں درج ایسے آلات جس کا جسمانی ضرر پہنچانے کے علاوہ کوئی مقصد ہوسکتا ہے، مثلا ناخن تراشنے کی ریتی، کے تصرف کی بنأ پر معطلی کی درخواست کرنے سے پہلے پرنسپل کو اس پر غور کرنا چاہیے کہ آیا کوئی دیگر تخفیف کرنے کے حالات موجود تھے یا نہیں۔ اس کے علاوہ، پرنسپل کو رنگ، سائز، ظاہر ہیئت، صورت اور وزن جیسے عناصر پر توجہ دے کر اس پر غور کرنا چاہیے کہ آیا نقلی بندوق حقیقی نظر آتی ہے یا نہیں۔

- تیزاب یا مہلک یا خطرناک کیمیات ( جیسے کہ پیپر اسپرے، میس )
- نقلی بندوق یا دیگر نقلی ہتھیار
- بھرے ہوئے یا خالی کارتوس اور دیگر کوئی گولہ بارود
- کوئی بھی مہلک، خطرناک، یا تیز دھار اشیأ جو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کی جا سکتی ہو یا اسکے استعمال کی نیت ہو (مثلا قینچی، ناخن تراشنے کی ریتی، جو کہ چار انچ سے بڑی ہو اور دھات سے بنی ہو، ٹوٹا ہوا کانچ، زنجیریں، تاریں)

اوپر واپس جائیں

## بتدریج ضابطہ انضباط

انضباط کو "قابل تدریس" لمحے کے طور پر سمجھنا انضباط کیلئے بنیادی طور پر ایک مثبت طریقہ ہے۔ بتدریج ضابطہ انضباط نامناسب طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے بتدریج مداخلت استعمال کرتا ہے جس کا مقصد ایک سماج دوستانہ رویہ سکھانا ہے۔ بتدریج انضباط سزا نہیں دیتا۔ اس کے بجائے بتدریج انضباط احتسابی اور مثبت رویہ جاتی تبدیلی کی کا مطالبہ کرتا ہے۔

پیش رفت کے انضباط کا ہدف طلبا کو ان کی غلطیوں سے سیکھنے میں مدد کر کے دوبارہ منفی طرزِ عمل کو واقع ہونے سے بچانا ہے۔ منفی طرزِ عمل میں مصروفِ عمل طلبا کی مدد کرنا ترقی پذیر نظم و ضبط کے نفاذ کے لیے ضروری ہے۔ مقاصد طلبا کو ذیل کی چیزیں کرنے کے لیے ہیں:

- یہ سمجھنا کہ طرزِ عمل کیوں معیاری طرزعمل سے مربوط نہیں ہے اور اس سے کیا نقصان ہوا ہے؛
- یہ سمجھنا کہ وہ ایسی ہی صورتِ حال میں کیا مختلف کر سکتے تھے؛
- اپنے اعمال کے لیے ذمہ دار ہونا؛
- مستقبل میں استعمال کرنے کے لیے سماج دوستانہ حکمتِ عملیوں اور صلاحیتوں کو سیکھنے کے مواقع دیئے جانا؛ اور
- سمجھنا کہ دوبارہ ویسا ہی طرزِ عمل دہرانے پر مزید سخت تادیبی کارروائی ہوگی۔

صلاح کاری اور اسکول میں قائم دیگر مداخلتوں کے جیسے بحالی کے طریقوں کے ذریعے طالبِ علم کے طرزِ عمل کی اصلاح کرنے کی ہر مناسب کوشش کی جانی چاہیئے۔ معاونتیں اور مداخلتیں اہم ہیں کیونکہ غیر مناسب طرزعمل یا ضابطہ انضباط کی خلاف ورزیاں سنجیدہ مسائل کی علامت ہو سکتی ہیں جن سے طالبِ علم دوچار ہو۔ اس لیے یہ اہم ہے کہ اسکول کے افسران ان مسائل کے بارے میں حساس ہوں جو طالبِ علم کے طرزِ عمل کو متاثر کریں اور ان پر اس انداز میں کاروائی کی جائے جو کہ ان کی ضرورت کے لیے زیادہ سے زیادہ مددگار ہو۔

مناسب تادیبی کاروائیوں کو انسداد اور ذی اثر مداخلتوں، لچک کو پروان چڑھانا چاہیئے، طالبِ علم کی تعلیم میں خلل سے اجتناب کرنے پر اور اسکول کی ایک مثبت ثقافت کو فروغ دینے پر زور دینا چاہیئے۔ جب طالب علم کا طرز عمل اسکو کلاس سے خارج کیے جانے کا نتیجہ بن جائے تو اسکول کو جہاں مناسب ہو، دائرہ میں دوبارہ خوش آمدید کی بحالی کی کارروائی (مزید معلومات کے لیے صفحہ نمبر17 ملاحظہ کریں ) کے طریق کار کو بطور ایک ذی اثر حکمت عملی کے استعمال کرنے کو زیر غور لانا چاہیے تاکہ طالب علم کی معمول کے پروگرام میں واپس آنے کی معاونت کی جا سکے۔

معذوری کے حامل ان طلبا کے لیے جن کے طرزِ عمل ان کی اسکول میں شرکت میں رکاوٹ ڈالتے ہیں ان کے طرزِ عمل کی وجہ کو سمجھنے کے لیے فعال طرزِ عمل تشخیص (FBA) ایک اہم آلہ کار ہے۔ FBA کے ذریعے طالبِ علم کے طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے ایک مخصوص طریقے کی فراہمی کے بعد طرزِ عمل مداخلتی منصوبہ (BIP) بنایا جانا چاہیئے۔

## انضباطی ردعمل کا تعین

اسکول کے افسران کو یہ تعین کرنے کے لیے کہ کون سے انضباطی اقدام کا اطلاق کرنا ہے، تو ضابطۂ انضباط سے رجوع کرنا چاہیے۔ یہ متعین کرنے کے لیے کہ نامناسب برتاؤ کو حل کرنے کا سب سے موزوں طریقہ کیا ہے، یہ ضروری ہے کہ اس برتاؤ کے حالات کا مجموعی جائزہ لیا جائے۔ موزوں انضباطی اور/ یا اقدامات کا تعین کرنے سے قبل مندرجہ ذیل حقائق کا جائزہ لینا لازمی ہے:

- طالب علم کی عمر اور پختگی؛
- طالب علم کا انضباطی ریکارڈ (جس میں گزشتہ غلط رویے کی نوعیت، گزشتہ غلط رویوں کے واقعہ ہونے کی تعداد، اور ہر ایک پر لاگو شدہ انضباطی اور رہنمائی مداخلتی اقدامات شامل ہیں)
- طرزِ عمل کی نوعیت، شدت اور دائرہ کار؛
- وہ حالات/ سیاق جن میں یہ طرزِ عمل واقع ہوا؛
  - مثال کے طور پر:
    - آیا طالب علم غنڈہ گردی کے طرزِعمل یا کلاس روم کے ماحول میں غنڈہ گردی کا سامنا کر رہا ہے یا کر چکے ہیں؛
    - آیا طالب علم جوابی کارروائی کر رہا تھا ذاتی دفاع میں جواباً عمل کر رہا تھا؛
    - آیا مثبت، واقعہ سے پہلے قابلِ اجتناب طریقوں کے ذریعے اس صورتحال سے نمٹنے کی کوئی کوشش کی گئی ہے؛
    - طالب علم کو اسکول میں رہنے کا اہل بنانے کے دوران آیا مثبت طرزِ عمل کی معاونتیں اور بحالی کے طریقِ کار جیسے دیگر مداخلتیں مناسب طریقے سے مسئلے پر طرزِ عمل سے نمٹا جا سکتا ہے، اور آیا اس طرح کی مداخلتوں کی اس سے پہلے کوشش کی گئی ہے؛ اور
    - آیا طالب علم کے لیے غنڈہ گردی کے طرزِ عمل میں شمولیت اختیار کرنے کے لیے سدھار لایا جا رہا ہے اور، اگر ایسا ہے، تو آیا بحالی کے طریقِ کار ہو چکے ہیں، اور آیا سدھار لانے کے لیے بحالی کے طریقِ کار تک رسائی ہے جو صورتحال سے نمٹنے کے لیے اخراجی نظم و ضبط کے مقابلے میں زیادہ مو ٔثر ہوگی۔
- طرزِ عمل کا تعدد اور دورانیہ؛
- طرزِ عمل میں ملوث افراد کی تعداد
- طرزِ عمل میں ملوث تمام افراد کی سماجی جذباتی صورتِ حال / ضروریات؛ اور
  - مثال کے طور پر:
    - خاندان یا کمیونٹی کی صورتحال؛ اور
    - منشیات کا استعمال یا لت۔
- طالب علم کا IEP ( انفرادی تعلیمی منصوبہ)، BIP (طرز عمل مداخلتی منصوبہ)، اور / یا 504 سہولیات کا منصوبہ، اگر قابل اطلاق ہو۔

معاونتیں اور مداخلتیں طرزِ عمل کے جواب میں ایک جامع کاروائی کا ایک اہم حصہ ہیں۔

اوپر واپس جائیں

## خلاف ورزیوں کی بتدریج سطوح

طلبا کی تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے شہر پیما طرز عمل کی توقعات طلبا کو طرزِ عمل کے لیے جوابدہ ٹھہراتے ہیں۔ خلاف ورزی کی شدت کی بنیاد پر خلاف ورزیوں کو پانچ سطوح میں منقسم کیا گیا ہے۔ جہاں بھی ممکن اور مناسب ہو، مداخلت کا آغاز سب سے نچلی سطح کی انضباطی کارروائی سے کیا جانا چاہئے اور اس میں رہنمائی کی مناسب مداخلت ( مداخلتوں) کو شامل ہونا چاہیئے۔

خلاف ورزیوں کی بتدریج سطوح : خلاف ورزی کی شدت کی بنیاد پر خلاف ورزیوں کو پانچ سطوح میں منقسم کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ 30-41 ملاحظہ کریں۔

- سطح 1 — غیر معاون / غیر تعمیلی طرزِ عمل
- سطح 2 — غیر منظم طرزِ عمل
- سطح 3 — خلل انداز طرزِ عمل
- سطح 4 — جارحانہ یا نقصان دہ / مضر طرز عمل
- سطح 5 — نہایت خطرناک یا تشدد آمیز طرز عمل

خلاف ورزیوں کی ہر سطح ممکنہ معاونتوں اور مداخلتوں اور ساتھ ہی ممکنہ تادیبی کارروائیوں کا دائرہ کار فراہم کرتی ہے جو کہ کسی استاد، پرنسپل، دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کی جانب سے نافذ کیے جا سکتے ہیں۔

